Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۲ } مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۸ رجب المرجب ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۸ اکتوبر ۱۹۳۳ء { جلد ۳۵

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	معافی قصور و تقرر منشی لکھن لال	۲	۴	رخصت سکریٹری صاحب توشہ خانہ	۳
(۲)	منسوخی رخصت سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی	"	۵	منسوخی رخصت مسٹر مارجوری براؤن -	"
(۳)	تقرر اختر حسین و افتخار احمد بعہدہ نائب سلداری	"			

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانِ حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- واقع ۱۶ر اکتوبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

ماہ دولت و اقبال کے حضور میں حاضر ہو کر منشی کمن لال نے
اپنے قصور کی معافی چاہی۔ ماہ دولت و اقبال بنظر پرورش
و رعایا نوازی نامبردہ کا قصور معاف فرما کر بعہدہ اکاؤنٹنٹ جیل
مبلغ ۵۰ (پچاس روپیہ) ماہانہ پر تقرر فرماتے ہیں۔
چونکہ بجٹ اجلاس ہمایوں کی مشاہرات میں گنجائش
نہیں ہے اس لئے بقیہ سال رواں کے لئے بذریعہ سپلیمنٹری
اجلاس ہمایوں سے بمد مشاہرات مبلغ دوسو [illegible] روپیہ
کی منتقلی منظور کیجاتی ہے
منتقلی رقم کا اجلاس ہمایوں میں نوٹ کرلیا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب
چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ کیجائے

بنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ ہو ۱۶ر اکتوبر ۱۹۳۳ء
دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۲۳ر اکتوبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

نظر بہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعا منظوری حکم
تمدید رخصت عاجلی پندرہ یوم سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی
منظور شدہ بحکم ۱۱ر اکتوبر ۱۹۳۳ء از ۱۳ر اکتوبر ۱۹۳۳ء
بوجہ عدم [illegible]

بموجب رپورٹ سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی کی
رخصت عاجلی مسلسلہ پندرہ یوم کی تمدید منظور ہے سردار صاحب
بہادر ڈیوڑھی بآرام کار سرکار انجام دیں۔ کاغذات برائے
کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

بنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
۲۴ر اکتوبر ۱۹۳۳ء (دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار:- واقع ۲۳ر اکتوبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ [illegible] اختر حسین کا تقرر بعہدہ
نائب تحصیلداری ملک اور افتخار احمد کا تقرر بعہدہ
نائب تحصیلداری ٹانڈہ بمشاہرہ ۸۰/۸۰ روپیہ ماہانہ منظور ہے
اختر حسین اور افتخار احمد کی خدمات گورنمنٹ
سے مستعار لیگئی ہیں۔ ہر دو نائب تحصیلداران کی تنخواہ
بجٹ منظور شدہ کے اندر ہیں

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ
صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

بنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
۲۴ر اکتوبر ۱۹۳۳ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم

داخلہ ۲۵ / اکتوبر ۱۹۳۳ء

عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر
باستدعائے منظوری رخصت
اتفاقیہ چھ یوم مطلوبہ صاحب
سکریٹری بہادر توشہ خانہ۔
از ۱۲ / اکتوبر ۱۹۳۳ء بوجہ
علالت خود

حکم

بموجب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر توشہ خانہ
کی چھ یوم کی رخصت اتفاقیہ منظور ہے کاغذات
برائے اجرائے احکام ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر
کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم بحکم

بنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں
۲۵ / اکتوبر ۱۹۳۳ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم

رقم ۲۵ / اکتوبر ۱۹۳۳ء

عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر
بدین خلاصہ کہ مسٹر مارجوری براؤن
کی رخصت پندرہ یوم یکم لغایتہ ۱۵ / اکتوبر ۱۹۳۳ء بوضع تنخواہ پیشگاہ والا
سے منظور فرمائی گئی تھی۔ مسٹر مارجوری رخصت
سے استفادہ حاصل کرکے ایک روز قبل
۱۵ / اکتوبر ۱۹۳۳ء کو ڈیوٹی پر حاضر ہوگئے
لہذا حکم منسوخی رخصت ایک یوم شرف نفاذ پائے

حکم

حسب رپورٹ مسٹر مارجوری براؤن کی ایک
یوم کی رخصت منسوخ کیا جانا منظور ہے
کاغذات برائے کارروائی ضابطہ صاحب چیف
منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم بحکم

بنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
۲۵ / اکتوبر ۱۹۳۳ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)